نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر محکمہ زراعت کی کپاس کے نقصان دہ کیڑوں کے تدارک کے لئے خصوصی مہم جاری ہے۔

ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور13ستمبر2023( ) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر کپاس کے کاشتکاروں کی محنت ضائع ہونے سے بچانے کے لئے کپاس کے نقصان دہ کیڑوں خصوصاً سفید مکھی کے تدارک کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا کہ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِنگرانی کپاس کے نقصان دہ کیڑوں کی تلفی کے لئے خصوصی مہم جاری ہے اور کپاس کی سرویلنس ،نگرانی اور ضرر رساں کیڑوں کے تدارک کے لئے خصوصی ٹیمیں پوری طرح متحرک ہیں ۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے اس جاری مہم کے دوران کپاس کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے فیلڈ وزٹ بھی کیا ہے۔ترجمان نے مزید کہا کہ جنوبی پنجاب میں گرم اور خشک موسم کے باعث بعض علاقوں میں کپاس کی سفید مکھی کا حملہ مشاہدہ میں آیا ہے جس کے تدارک کے لئے افواج پاکستان کی تکنیکی معاونت سے ڈرونز اور ہیلی کاپٹر کی مدد سے سپرے کیا جا رہا ہے۔ترجمان نے بتایا کہ سفید مکھی سپرے کے دوران اردگرد کے کھیتوں میں پناہ لے لیتی ہے لہٰذا اس کے تدارک کے لئے کلسٹر / کمیونٹی سپرے کے علاوہ ڈرون ٹیکنالوجی بھی استعمال کی جارہی ہے جس سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ رقبہ پر سپرے کیا جا رہا ہے۔کپاس کے علاقوں میں مفت سپرے کئے جا رہے ہیں کپاس کے علاقوں میں ضرر رساں کیڑوں کی تلفی کے لئے 1400 ہائی سپرے مشینیں فراہم کی گئی ہیں ۔اس کے علاوہ جنوبی پنجاب میں نہری پانی کی ترجیحاً فراہمی جاری ہے۔کاشتکاروں کی تکنیکی معاونت کے لئے پرنٹ ،الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا کے ذریعے آگاہی مہم بھی جاری ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا کہ کپاس کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کاشتکاروں کی خوشحالی اور ملکی معیشت کے استحکام کی ضامن ہے۔کپاس کی فصل کے نقصان دہ کیڑوں کے تدارک کے لئے محکمہ زراعت پوری طرح چوکس ہے اور کاشتکاروں کے شانہ بشانہ شریک ہے۔

☆☆☆☆